SPEAK UP REPORT HATE CRIME

نسلی تشدد کے بارے میں بات کرنا :

جب مجرم شکار کو ان کی نسل، رنگ، قومی یا نسلی جڑیں، مذہب، معذوری، جنسی رجحان، صنفی شناخت یا خصوصیات کی وجہ سے نشانہ بناتا ہے

نسلی تشدد کی بنیادی شکل :

نفرت انگیز جرم (یا نسل پرستانہ جرم) جیسا کوئی بھی جرم ہو جس میں نسل پرستانہ خصوصیات ہو جیسے کہ مندرجہ بالا (گریک کریمینل کوڈ کا آرٹیکل 82A فوجداری ضابطہ).

نفرت انگیز تقریر، تقریر کے اظہار کی کوئی بھی وہ عوامی شکل ہے جو نسل پرستی کے خطرے سے دوچار سماجی گروہوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے خلاف امتیازی سلوک، نفرت یا تشدت کو فروغ دیتی ہے یا اس کا سبب بنتی ہے اور ان سماجی گرہوں سے تعلق رکھتے ہیں جو نسل پرستی کا شکار ہیں اور جن کی شناخت مندرجہ بالا خصوصیات کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ جو کہ مجرمانہ پہلو کے آرٹیکل A.1 کے قانون 927/1979 آج بھی کارآمد ہے۔

*جرم : قتل، چوٹ، دھمکی، نقصان، عصمت دری، جنسی حملہ، چوری، ڈکیتی، آتش زنی، غیر اخلاقی حملہ، حملہ، گھریلو پریشانی، وغیرہ۔

نفرت انگیز جرم کی سزا زیادہ سخت دی جاتی ہے۔

نفرت انگیز تقریر رائے نہیں ہے، یہ ایک جرم ہے۔

رپورٹنگ جان بچاتی ہے!

مطلع کریں :

کیا آپ ایک شکار یا گواہ ہیں؟

کیا آپ فوری خطرے میں ہیں؟

100 پر یونانی پولیس کو کال کریں۔

کیا آپ کو فوری طور پر خطرہ نہیں ہے؟

- 11414 پر کال کریں (24 گھنٹے نسل پرستانہ جرائم کیلئے یونانی پولیس کا ہاٹ لائن)۔ یہاں تک کہ آپ گمنام طور پر بھی اطلاع کر سکتے ہیں۔
- نفرت انگیز جرائم کو رپورٹ کرنے کیلئے یونانی پولیس کے یونٹ کو 2106476750 پر کال کریں یا hatecrimesunit@astynomia.gr پر ای میل بھیجیں یا خود یونٹ کے دفتر کا دورہ کریں۔ (Leof. Alexandras 173, Athens, 6th floor, Metro station Ampelokipoi)
- نسل پرستانہ تشدد کے نیٹ ورک پر اسے ریکارڈ کرانے کیلئے آن لائن پیغام بھیجیں :Racist Violence Recording Network - RVRN https://rvrn.org/el/contact-us/
- نسل پرستانہ تشدد کی ریکاڈنگ کے نیٹ ورک کے ممبر کو کال کریں (مثال کے طور پر گریک فورم آف مائیگرنٹس 2108831620 پر ، یا ای میل کے ذریعے info@migrant.gr میل بھیجیں)
- HIAS HELLAS سے رابطہ کریں: یہ تنظیم نسل پرستانہ تشدد کے متاثرین کو مفت قانونی اور نفسیاتی مدد فراہم کرتی ہے۔

فارسی زبان کیلئے: 6947680368 ۔ فرانسیسی / یوکرینی زبان کیلئے : 6942248387 ۔ انگریزی / عربی زبان کیلئے: 6944134335

اہم :

اگر مجرم پولیس افسر یا سرکاری ملازم ہے، تو پھر بھی خدمات حاصل کرنے کیلئے یہی طریقہ کار اپنایا جاتا ہے۔

اگر واقعہ کسی جگہ پیش آیا ہے مثلاً بس پر یا سڑک پر، تو محکمہ واقعے کی تحقیقات کرتا ہے اور جس کے بعد وہ مجرم کی شناخت کر سکتے ہیں۔

آپ واقعے پیش آنے کے 3 ماہ بعد تک رپورٹ کر سکتے ہیں۔

کیا آپ کو رپورٹ کرنے سے ڈر لگتا ہے؟ کیا آپ غیر دستاویزات کے غیر قانونی طور پر یونان میں مقیم ہیں؟

11414 یا 2106476750 پر (ہیٹ کرائم یونٹ) پولیس یونٹ کو کال کریں اور انہیں مطلع کریں۔ یہ آپ کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ نسلی طور پر محرک جرائم اور نفرت انگیز تقریر کے متاثرین اور گواہوں کو (آرٹیکل 41۔ نانون 2011/3907) قانون کے ذریعے تحفظ حاصل ہے اور انہیں انسانی حقوق کی بنیادوں پر رہائشی اجازت نامہ بھی دیا جاتا ہے۔ (قانون 2014/4251) کے ذریعے ہیلنک پولیس کا ہیٹ کرائم یونٹ آپ کو اپنے دفاتر میں باحفاظت محفوظ طریقے سے لے جا سکتا ہے۔

اگر آپ کسی سرکاری ایجنسی سے رابطہ نہیں کرنا چاہتے ہیں، تو اپنے کسی دوست سے ثالثی کیلئے یا اپنی کمیونٹی کو یا گریک فورم آف مائیگرنٹس یا نسل پرستانہ تشدش کے واقعات کی رپورٹنگ نیٹ ورک (Racist Violence Recording Network - RVRN) کے رُکن کو کال کریں

ہر صورت میں :

کسی بھی پولیس چیک کے لیے، شناخت کے عارضی ثبوت کے طور پر شکایت کی کاپی مانگیں۔

نسل پرستانہ غنڈہ گردی - اسکول میں دھمکیاں: میں کیا کروں؟

اگر اس معاملے کو اسکول خود حل نہیں کر سکتا ہو، اور اگر والدین اس واقعے (مقدمہ) کی باضابطہ اطلاع نہیں دینا چاہتے ہو، تو آپ رہنمائی حاصل کرنے کیلئے 11414 یا RVRN نیٹ ورک کے کسی رُکن کو کال کر سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر مجرم بالغ ہو یعنی (استاد، پرنسپل یا والدین)، یونانی پولیس کی طرف سے اسکول کی انتظامیہ سے سفارشات کی جا سکتی ہیں (یہاں تک کہ کوئی مقدمہ دائر کیے بغیر)۔

نسل پرستی کے خلاف ENAR یورپی نیٹ ورک (2023-2024) گریک فورم آف مائیگرنٹس کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔

ΕΛΛΗΝΙΚΟ ΦΟΡΟΥΜ ΜΕΤΑΝΑΣΤΩΝ | GREEK FORUM OF MIGRANTS
www.migrant.gr

ENAR European Network Against Racism